افغانستان – تاجکستان - پاکستان

ٹرانسبونڈری پانی ورکشاپ

فاصلاتی تعلیم ماڈیول #16

17 - ہائیڈرو صلاحیت کی تعمیر (Hydro-capacity Building)

پانی کے مسائل حل کرنے کے لئے بہترین صلاحیت کی تعمیر اور تربیت

- صلاحیت کی تعمیر کی صحیح تعریف (دوران ملازمت تربیت، لیبارٹری میں کام، دفتر کا کام، جامعہ تعلیم، اصلاحی تعلیم، وغیرہ) ہیں.
- مقامی حکام، تکنیکی ماہرین، اور سائنسدانوں کو تربیت دینا تاکہ وہ ملک کے آبی وسائل کی نگرانی، تشخیص اور انتظام کر سکیں.
- اصلاحی او تحقیقی تشخیص اور پانی کی ضروریات جاننے کے لئے اوماہا میں نبراسکا یونیورسٹی (UNO) کے افغانستان سٹڈیز سینٹر کی طرف سے فراہم کردہ فاصلاتی تعلیمی ماڈیول کا استعمال کریں اور پانی کے بارے میں نئی باتیں سیکھیں.
- پانی کے تمام متعدد پہلوؤں سے نمٹنے کے لئے نئے افکار پیدا کریں اور یہ معلومات اوماہا میں نبراسکا یونیورسٹی کو ترسیل کر دیں تاکہ ہم مزید سوالات کے جوابات فراہم کرنے کے لئے نئے فاصلاتی تعلیمی ماڈیولز بنائیں.
- اگر آپ کے پاس بجٹ ہے تو اضافی تربیت، آلات اور سامان فراہم کریں ۔
- موجودہ اداروں (دفاتر، لیبارٹریوں، کلاس کے کمروں، فیلڈ میں کام، وغیرہ) کو مضبوط بنائیں۔
- پانی کے معیار کی ایک قومی لیبارٹری قائم کریں ۔
- آبی وسائل کی ایک قومی ڈیٹا بیس (database) تیار کریں ۔

- قابل اعتماد شراکت داری قائم کرنے میں وقت لگتا ہے اور درکار اعلی سطحی سیاسی حمایت کے لئے ضروری ہے.
- لوگ آتے جاتے ہیں، لیکن نظام برقرار رہتے ہیں ۔
- مصنوعات کی بجائے کام کرنے کے ضوابط (processes) کو زیادہ ترجیح دیں۔
- ڈونر یعنی فنڈ فراہم کرنے والوں کی جانب سے لچک اور طویل المعیاد عہد مفید ہوتیں ہیں ۔
- مقامی اور غیر ملکی امدادی کارکنان کی تنخواہوں کے درمیان ہم آہنگی کے لئے ڈونر کے ساتھ کام میں ربط پیدا کرنا ضروری ہے ۔
- مسائل کے وہ حل انتخاب کریں جو حقیقت پسندانہ اور بنیادی ہوں.
- جنس بھی انسانی وسائل کا ایک اہم مسئلہ ہے ۔
- قوم کی تعمیر کی بنیاد ایک مہذب، غیر نظریاتی تعلیم پر ہونی چاہیے ۔
- منصوبے قوت ارادی اور خود اعتمادی کے بیانات ہوتے ہیں حنہیں آپ پایہ تکمیل تک پہنچانے کی صلاحیت رکھتے ہیں.
- صلاحیت کی تعمیر کے حوالے سے قومی ترقی کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے مسلسل مالی معاونت لازمی ہے.
- جانیے کہ کس چیز میں بہتری کی ضرورت ہے اور تلاش کیجیے کہ جہاں اس کی ضرورت ہے وہاں وہ صلاحیت کیسے بڑھائی جا سکتی ہے.
- کس کو زیادہ تعلیم کی ضرورت ہے اور یہ تعلیم کسی کو نادم کیے بغیر کیسے فراہم کی جا سکتی ہے (ہر کسی کو تھوڑا سا مزید سیکھنے اور تربیت کی ضرورت ہوتی ہے)؟
- جانیے کہ کس طرح لوگوں کو اپنی صلاحیتیں مزید بڑھانے کی ترغیب دی جا سکتی ہے (ان سے اکیلے میں پوچھیے).

- پانی کے ان موضوعات کے بارے جنہیں آپ ٹھیک سے نہیں سمجھتے اور آپ کو ضرورت کا صحیح پتہ نہیں چل رہا تو کسی سے مدد مانگیے.

حوالہ جات

Holland, D., 2010. Capacity building through policy making: Developing Afghanistan's National Education Strategic Plan. AREU (Afghanistan Research and Evaluation Unit) Briefing Paper Series; 20 pages .
http://www.areu.org.af/Uploads/EditionPdfs/1033E-Developing%20Afghanistans%20National%20Education%20Strategic%20Plan%20BP%202010%20web.pdf

فاصلاتی تعلیم ماڈیول # 16 کے سولات کیلیے (یہا کلک کرے)